© rasailojaraid.com

ادبیات

غزل

از جناب مولانا سیماب صاحب اکبرآبادی

محبت ہی فنا کے بعد بھی بروئے کار آئی ۔۔۔ نہ مجھکو دین راس آیا، نہ دنیا سازگار آئی
کسی کی روح کیا پھر وجد میں منصور وار آئی؟ ۔۔۔ مرے گوشِ تصور میں صدائے گیرودار آئی
مرے ناکام ہوتے ہی وفا بروئے کار آئی ۔۔۔ حریمِ حسن سے آخر صدائے اعتبار آئی
پلٹ کر جلوہ گہ سے جب نگاہِ کامگار آئی ۔۔۔ صد آئینہ بدامن، صد تماشا درکنار آئی
شگفتِ دل ہی تک ہنگامۂ رنگینِ گلشن تھا ۔۔۔ نہ پھر کوئی کلی چٹکی نہ پھر بانگِ ہزار آئی
پریشاں ہو گیا محشر پریشاں دیکھکر مجھکو ۔۔۔ یہاں بھی کام میری خاطرِ آشفتہ کار آئی
مجھے بعدِ فنا یوں پھینک آئی گور میں جاکر ۔۔۔ یہ دنیا جیسے اک بارِ گراں سر سے اتار آئی
خوشی میں استواری ہے نہ غم میں پائیداری ہے ۔۔۔ مرے حصہ میں تیری ہر نوازش مستعار آئی
حقیقت کچھ ہو لیکن روح کی فطرت ہے سیمابی ۔۔۔ جو نکلی مضطرب نکلی جو آئی بیقرار آئی
وداعِ گردشِ ایام تھا ترکِ چمن میرا ۔۔۔ نہ پھر شامِ خزاں آئی، نہ پھر صبحِ بہار آئی
نہ ہوا فشائے غم، شمعیں بجھا دو چاند تاروں کی ۔۔۔ بساطِ کائنات الٹو کہ مجھکو یادِ یار آئی
شہیدانِ چمن کی خاک تھی اصلِ گل و لالہ ۔۔۔ خزاں کے خون میں لتھڑی ہوئی صبحِ بہار آئی
اندھیرا ہو گیا، دل بجھ گیا، سونی ہوئی دنیا ۔۔۔ بڑی ویرانیوں کے ساتھ شامِ انتظار آئی
جنوں نے خیر مقدم کرکے رکھ لی شرمِ رسوائی ۔۔۔ ابھی جنت سے نکلے تھے کہ تیری رہگذار آئی

© rasailojaraid.com